© rasailojaraid.com

کاغذ اگرچہ اخباری ہے مگر مجلد کتاب کی قیمت صرف پندرہ روپے اس ضخامت کے ساتھ انتہائی سستی ہے بالخصوص اس صورت میں کہ یہ کتاب اچھروی صاحب کی تلبیس اور تاریخی غلط بیانیوں کا تجزیہ ہی نہیں، علم کا ایک وسیع سمندر بھی ہے جو صحیح سمت میں امتِ مسلمہ کی راہنمائی کرتا ہے۔

نام کتاب . . . . تاریخ التقلید

مصنفہ . . . . مولانا محمد اشرف سندھو

ضخامت . . . . ۲۳۴ صفحات سائز ۲۰ × ۲۶ / ۸

قیمت . . . . ۱۲ روپے

ملنے کا پتہ . . . . دارالاشاعت اشرفیہ سندھو بلوکی ضلع قصور

مسلمانوں کی اکثریت علماء و فقہاء کے اقوال و فتاویٰ کو اس درجہ واجب سمجھ رہی ہے کہ کتاب و سنت کی اتباع کو گمراہی کا نام دینے میں ذرہ بھر جھجک محسوس نہیں کرتی۔ چنانچہ دیوبند کے مسلمہ بزرگ مولانا اشرف علی تھانوی ایک جگہ لکھتے ہیں:

"اہل حق (فرقہ ناجیہ) صرف اہل سنت والجماعت ہی ہے جو کہ معتبر اجماع کے ساتھ مذاہب حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی پر مشتمل ہے . . . . رہے اہل بدعت و گمراہ فرقے تو ان میں سے غیر مقلدین کا گروہ ہے جو کہ کتاب و سنت کی اتباع کا دعویدار ہے"

تھانوی صاحب کی اس تحریر سے ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک تقلید ہی مذہب حق کا واحد معیار ہے اور جو کوئی صحابہؓ کے طرزِ عمل پر قرآن و حدیث کو قبول کرتا ہے وہ سب سے بڑا بدعتی و گمراہ ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک!

مولانا محمد اشرف سندھوؒ اعلیٰ اللہ مقامہ نے اپنی زندگی میں اس غلط عقیدہ کی اصلاح کی شدید ضرورت محسوس کرتے ہوئے "تاریخ التقلید" لکھی جس میں انہوں نے اسلام کے متفقہ دستور العمل کتاب و سنت اور تعامل خیر القرون کے دلائل، حقائق اور شواہد کا ذکر کرتے ہوئے تقلید کی پیدائش کے وجوہ، اسباب اور اس کی ترویج و اشاعت کی اصلیت، پھر تقلید کے نقصانات کو گنواتے ہوئے محققین اسلام کے متفقہ فیصلہ سے یہ ثابت کیا کہ اصل اسلام کا حامل و حامی وہی طائفہ منصورہ ہے جو کتاب و سنت کو اپنی بنیاد قرار دیتا اور انہی کی روشنی میں اپنی زندگی کی راہیں متعین کرتا ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ اگر تعصب کی عینک کو اتار کر کتاب کا بہ نظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو غلط فہمیوں کے

© rasailojaraid.com